دفتر افسر اعلی تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے دفتر کنٹرولر امتحانات میں اپنی ان ہاؤس پریس سہولت ’جامعہ پریس‘ کا افتتاح کیا

New Delhi, February 19, 2026

اپنی اعلیٰ معیار کی کتابوں، تحقیقی اور تشہیری مواد کی تعلیمی اشاعت کو فروغ دینے اور امتحان سے متعلق کام کی ادارہ جاتی خود مختاری اور راز داری کے حصول کی جانب ایک تاریخی اقدام میں، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے یونیورسٹی کے کنٹرولر امتحانات کے دفتر میں ’جامعہ پریس‘ کے نام سے اپنا پرنٹنگ پریس تیار کیا ہے۔ گزشتہ روز اس سہولت کا افتتاح عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے کنٹرولر امتحانات پروفیسر احتشام الحق کی موجودگی میں کیا۔

اپنے خطبہ استقبالیہ میں پروفیسر حق سی او ای نے عزت مآب شیخ الجامعہ کی متحرک قیادت اور رجسٹرار کی مسلسل رہنمائی کی تعریف کی، جس کے نتیجے میں یونیورسٹی نے تعلیمی جدت، بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور ادارہ جاتی ساکھ میں نمایاں ترقی ہوئی ہے۔ پروفیسر حق نے کہا ’ان کی دور اندیشی اور عہد جامعہ کو آموزش اور تحقیق کی مشعل کی طور پر سمت دے رہے ہیں۔‘ ’جامعہ پریس‘ کے قیام کی اشد ضرورت تھی تا کہ خفیہ امتحانی مواد، اکیڈمک پبلی کیشنس، آفیشیل دستاویزات، پراسپیکٹس، رپورٹس اور تحقیقی پیداوار کے بڑھتے ہوئے حجم کی طباعت کی ضروریات کی تکمیل کی جا سکے۔ ان تمام چیزوں نے ہمارے لیے اس طرح کے حالات بنا دیے تھے کہ ہمارے پاس محفوظ، موثر اور خود انحصار طباعت کا نظام ہو اور بیرونی ایجنسیوں پر انحصار صرف لاجسٹک چیلنجیز کا سوال پیدا نہیں کیا بلکہ راز داری، امور کا وقت پر انجام پانے کا عمل اور صرفہ سے متعلق تشویشات کو بھی جنم دیا۔‘

وقت پر امتحانات کے انعقاد اور نتائج کے بروقت اعلان میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کی کارکردگی کو اجاگر کرتے ہوئے پروفیسر حق نے یونیورسٹی کے تمام فیکلٹی ممبران کے تعاون اور خاص طور پر سی ای او کے دفتر کے عملے کی محنت کو ایک قابل حصول ہدف بنانے کے لیے سراہا۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی نے کنٹرولر امتحانات کے دفتر میں آٹومیشن کے حصول کے لیے جاری ترقیاتی کاموں کو سراہا۔ یہ بتاتے ہوئے کہ بہت جلد جامعہ دیگر یونیورسٹیوں کے لیے ایک رول ماڈل بن جائے گی‘۔ پروفیسر رضوی نے پروفیسر احتشام الحق اور ان کی ٹیم کو جامعہ پریس کے قیام کا قابل ستائش کام کرنے پر مبارک باد پیش کی،

مزید کہا، 'جدید پرنٹنگ ٹیکنالوجی سے لیس، جامعہ پریس، فیکلٹی ممبران اور جامعہ ملیہ اسلامیہ کی بڑی ریسرچ کمیونٹی کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کرے گا جس میں بیرونی اشاعتی اداروں پر انحصار کیے بغیر ان کے علمی تعاون کو کم وقت میں پیش کیا جا سکے گا۔

جامعہ پریس کے قیام کو ایک بڑے قدم کے طور پر سراہتے ہوئے جو جامعہ ملیہ اسلامیہ کی تعلیمی فضیلت اور آپریشنل انٹیگریٹی کی مثال ہے، عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے کہا کہ 'اس سے قبل ڈگریوں اور مارک شیٹوں کے تاخیر سے جاری ہونے، امتحانات بروقت نہ منعقد ہونیا ورنتائج کو تاخیر سے ظاہر کرنے کے حوالے سے بہت سی شکایات موصول ہوئی تھیں، لیکن اب ان کے ازالے لیے کنٹرولر امتحانات کی قابل ستائش کوششوں سے یہ چیزیں منظّم اور باقاعدہ ہو گئی ہیں۔ یہ نوٹ کرنا اطمینان بخش ہے کہ اب طلبہ اپنی ڈگریاں اور مارک شیٹ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔' پروفیسر آصف نے کنٹرولر امتحانات پروفیسر حق کی بھی تعریف کی کہ 'جامعہ پریس کے قیام کے لیے تندہی اور خلوص سے کام کرنے کے ساتھ ساتھ انہوں نے ایک اچھی طرح سے منصوبہ بند، سنٹرلائزڈ ایویلیویشن ہال اور بہت کم وقت میں ایک خاص داخلہ سیل قائم کیا'۔ پروفیسر آصف نے امید ظاہر کی کہ 'بہت جلد جامعہ پریس ایک نامور پبلشر کے طور پر اپنی شناخت بنائے گا اور جامعہ کے فیکلٹی اراکین، جامعہ پریس سے ہی اپنی کتابیں شائع کریں گے'۔

پروگرام میں ڈینز، صدور شعبہ جات، ڈائریکٹرز، عہدیداران اور دیگر تدریسی و غیر تدریسی عملہ شریک ہوا۔ ڈاکٹر آمنہ حسین سی پی آئی او امتحانات نے پروگرام کی نظامت کی اور اخیر میں حاضرین کا شکریہ بھی ادا کیا۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی، تعلقات عامہ